CONSUMER REPORT

Station: Lahore | Date: 07-09-06 | Release No: 015/06

ABC Certified
لاہور، اسلام آباد اور راولپنڈی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت مستند قومی اخبار
Daily JINNAH LAHORE
روزنامہ جناح لاہور
چیف ایڈیٹر: زین ملک
http://www.dailyjinnah.com
جلد 2 | جمعرات 13 شعبان المعظم 1427ھ 7 ستمبر 2006ء 23 بھادوں 2063 بسمت 16 صفحات 7 روپے | شمارہ 245

اسلام آباد جدید حقہ کی آڑ میں شیشے کا نشہ عام، خصوصی کیفے کھل گئے، سحر انگیز ماحول میں نوجوان نسل جال میں پھنس گئی

بڑے ہوٹلوں، قہوہ خانوں میں الگ شیشہ کیفے، نیم تاریکی، ہلکی پھلکی موسیقی، ٹی وی پر عربی رقص، دھواں دھواں رومانوی ماحول جوڑوں کو اپنی طرف کھینچنے لگا

نشہ جدید فیشن سٹیٹس سمبل بن چکا ہے، بڑے شہروں میں سرعام لڑکیوں کی بڑی تعداد بھی نشہ میں مبتلا، میڈیکل سٹوروں پر جدید حقے سجا دیئے گئے: رپورٹ

ہوٹلوں پر آرڈیننس کی خلاف ورزی، 18 سال سے کم عمر بھی حقہ سموکنگ کرنے لگے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد کے بعض بڑے ہوٹلوں نے امتناع تمباکو نوشی و تحفظ غیر تمباکو نوشی آرڈیننس 2002ء کی سرعام دھجیاں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد: ایک نوجوان حقہ پی رہا ہے۔

اسلام آباد (نمائندہ جناح) دارالحکومت اسلام آباد میں جدید حقے کی آڑ میں شیشے کے نشے میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا بڑے ہوٹلوں قہوہ خانوں کے علاوہ خصوصی کیفے کھل گئے جدید فیشن اور سٹیٹس سمبل کے طور پر نشہ کو عام کر کے نوجوان نسل کو تباہ کیا جا رہا ہے وہاں امتناع تمباکو آرڈیننس کی سرعام دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 61)

شیشہ عربی حقے کی جدید شکل، پاکستان میں نئی دریافت ہے، قیمت 12 ہزار تک

اسلام آباد (نمائندہ جناح) شیشہ عربی حقے کی ایک جدید شکل ہے اسے مصر میں شیشہ، لبنان میں نرگلا اور انگریزی میں حقہ (Hookah) (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد میں شیشہ بار کا منظر۔

کربلا میں دہشت گردی کے سانحہ سے بچ جانے والے پاکستانی 11-12 ستمبر کو واپس پہنچیں گے

لاہور (خصوصی رپورٹر) کربلا معلیٰ (عراق) میں زیارتوں کیلئے جانے والے پاکستانی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 63)

اے آر ڈی 10 ستمبر کے جلسہ کیلئے آج سے باقاعدہ دعوت دینے کا سلسلہ شروع کر دیگی

لاہور (خبر نگار خصوصی) اے آر ڈی 10 ستمبر کو مینار پاکستان پر ہونے والے جلسہ کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 64)

ڈیرہ بگٹی میں دوبارہ آباد ہونیوالے 500 افراد کو پی پی ایل میں ملازمتیں دیدی گئیں

کوئٹہ (ثنا نیوز) ڈیرہ بگٹی میں دوبارہ آباد ہونے والے پانچ سو افراد کو پی پی ایل میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 65)

بقیہ 60 — شیشہ حقہ

کہا جاتا ہے شیشے کا نشہ 500 برس قبل ترکی میں شروع ہوا اور مشرق وسطیٰ میں وباء کی طرح پھیلا پاکستان میں پائے جانیوالے روایتی حقے ہی کی ایک شکل ہے یہ خیال عام ہے کہ حقہ ہندوستان میں ایجاد ہوا اور ایران کے راستے دوسرے تہذیبوں اور خطے کے لوگوں تک پہنچا تاہم ترکی میں حقے میں واٹر پائپ کی شکل میں ایک تبدیلی لائی گئی شیشہ پاکستان میں ایک نئی دریافت ہے اور ایک مہنگا حقہ ہے جس کو خریدنے پر 6 ہزار سے 12 ہزار خرچ ہوتے ہیں جبکہ اس کی چلم میں بھرنے والے آمیزہ 250 سے 800 روپے تک فی پیکٹ دستیاب ہے چھوٹے پیکٹ سے بارہ دفعہ چلم بھری جا سکتی ہے۔

بقیہ 61 — شیشہ نشہ

اسلام آباد کے علاوہ کراچی، لاہور، پشاور اور دیگر بڑے شہروں میں بھی یہ نشہ خطرناک حد تک فروغ پا رہا ہے اگر حکومت اور حکومتی اداروں نے شیشے کے نشے کیخلاف بروقت انسدادی کارروائیاں نہ کیں تو پاکستانی معاشرہ کیخلاف شیشے کے نشے کا کاروبار کرنے والے مزید تباہی کرینگے۔ صارفین کے تحفظ کی تنظیم "دی نیٹ ورک" کی حالیہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پچھلے کچھ عرصے سے بڑے بڑے ریستورانوں، فائیو سٹار ہوٹلوں، فوڈ سٹریٹس اور قہوہ خانوں میں شیشہ سموکنگ کی سہولیات سرعام فراہم کر دی ہیں اور حیرت انگیز طور پر کامیاب پروپیگنڈا کے ذریعے شیشے کے نشے کو ایک جدید فیشن اور شہروں کی شبینہ محفلوں کی زینت بنا دیا ہے اور ان شیشہ گروپوں نے نوجوان نسل کو اپنے جال میں پھانس لیا ہے اور خطرناک بات یہ ہے کہ لوگ شیشے کی نشہ آور پراڈکٹ کو پراڈکٹ ہرگز نہیں سمجھتے اور لاعلمی میں اپنے ہزاروں روپے برباد کرنے کے ساتھ ساتھ تمباکو کے نشے کی خطرناک لت میں پڑ کر کینسر، امراض قلب کی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ شیشے کے نشے کی ترغیب دینے کیلئے نت نئے حربے استعمال کئے جا رہے ہیں نوجوانوں کو ہوٹلوں میں شیشہ سموکنگ کیلئے سحر انگیز ماحول فراہم کیا جاتا ہے نیم تاریکی، ہلکی پھلکی موسیقی ٹی وی پر عربی رقص، دھواں دھواں رومانوی ماحول میں یہ سب کچھ ایک نوجوان کیلئے بہت پرکشش محسوس ہوتا ہے اس رپورٹ کے مطابق شیشے کا نشہ کرنے والوں میں نوجوان لڑکیوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے اور شیشے کا نشہ (تمباکو اور پھلوں کے فلیور سے بنا ہوا آمیزہ) راولپنڈی اور اسلام آباد کے بڑے سپر سٹوروں حتیٰ کہ بڑے میڈیکل سٹوروں پر بھی دستیاب ہے جبکہ شیشے کے نشے کے استعمال کیلئے اسلام آباد کے میڈیکل سٹوروں پر یہ مہنگے ترین حقے سجا کر سرعام فروخت کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 62 — تمباکو آرڈیننس

اڑاتے ہوئے باقاعدہ طور پر "شیشہ کیفے" قائم کر دیئے ہیں جہاں روزانہ سینکڑوں لڑکے لڑکیاں شیشے کا نشہ کرنے باقاعدہ سے جاتے ہیں یوں ان ہوٹلوں میں شیشہ سموکنگ کی سہولتیں فراہم کر کے امتناع تمباکو نوشی کی کھلی خلاف ورزی کی جا رہی ہے یہاں یہ بھی امر قابل ذکر ہے کہ 18 سال سے کم عمر لڑکے جنہیں تمباکو کی مصنوعات فروخت کرنا منع ہے باقاعدگی سے شیشہ سموکنگ کیلئے جاتے ہیں۔

TheNetwork for Consumer Protection
40-A Ramzan Plaza, G-9/Markaz, Islamabad
Ph: 051 226 1085, Fx: 051 226 2495; www.thenetwork.org.pk